## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین اور کونسلرز کا بارش زدہ علاقوں کا مشترکہ دورے

کراچی۔۔21/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں نے پیر کے روز بھی کراچی میں بارش زدہ علاقوں کے الگ الگ اور مشترکہ دورے کیے اور امدادی سرگرمیوں کا نہ صرف جائزہ لیا بلکہ اس میں خود بھی حصہ لیا۔ دیگر کے علاوہ ارکان رابطہ کمیٹی، سیف یار خان، کنور خالد یونس، رکن سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، نائب ناظم صدر ٹاؤن ناصر تیموری نے بھی پیر کے روز شہر کے بارش زدہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور حق پرست عوامی نمائندوں کو امدادی سرگرمیوں میں مصروف دیکھا اور خود بھی ان امدادی سرگرمیوں میں عملی طور پر حصہ لیا۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور حق پرست عوامی نمائندوں کے یہ دورے رات گئے تک جاری رہے۔ اس موقع پر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہر میں طوفانی بارشوں سے جو مسائل پیدا ہوئے ہیں اور خصوصی طور پر بجلی کا نظام درہم برہم ہوا ہے اس کو درست کرنے اور حالات کو معمول پر لانے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی عملی کوششوں کا سلسلہ جاری ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان ہمہ وقت اس سلسلے میں عوام کے درمیان موجود ہیں یہی وجہ ہے کہ کراچی کے مختلف مقامات پر کھڑا بارش کا پانی صاف کرلیا گیا ہے اور اب شہر کی شاہراہوں اور سڑکوں پر ٹریفک رواں دواں ہے جبکہ شہری سہولتوں کی بحالی کیلئے بھی تیز رفتاری سے کام جاری ہے۔ ادھر ایم کیوایم کے عوامی نمائندوں کی موثر کوششوں کی بدولت شہر میں اب بجلی کا بحران کم ہوا ہے اور مختلف علاقوں میں بجلی بحال کردی گئی ہے شہر کے اندھیرے تیزی کے چھٹ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن اس وقت تک اپنے گھر پر چین سے نہیں بیٹھے گا جب تک کہ شہری چین وسکون کا سانس نہیں لے لیتے۔

بن قاسم ٹاؤن سے طالبان دہشتگرد شہری کو قتل کر کے فرار، اسلحہ اور خودکش جیکسٹ برآمد

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

کراچی۔۔۔21، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے بن قاسم ٹاؤن میں گرین سٹی بنگلوز سے طالبان دہشتگردوں کے فرار اور ان کے مکان سے بھاری مقدار میں ملنے والے اسلحہ اور خودکش جیکٹس برآمد ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ کراچی کے علاقے بن قاسم ٹاؤن میں واقع گرین سٹی بنگلوز میں طالبان کے چند دہشتگرد کرائے کے ایک مکان میں مقیم تھے، پیر کے روز پڑوس میں رہائش پذیر شکیل سلیم نے ان کی مشکوک سرگرمیوں پر ان سے پوچھ گچھ کی تو ان دہشتگردوں نے است گولی مار کر قتل کردیا۔ بعدازاں پولیس نے مذکورہ مکان سے بھاری تعداد میں اسلحہ، بارود، خودکش جیکٹس ور جہادی لیٹریچر برآمد کیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے کراچی میں طالبان کے دہشتگردوں کی موجودگی اور طالبانائزیشن کی سازش سے آگاہ کرتے رہے ہیں لیکن ان کے خدشات کو سیاسی ومذہبی جماعتوں کی جانب سے محض واویلا قرار دیکر قوم کو گمراہ کیا جاتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعہ سے ایک مرتبہ پھر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خدشات درست ثابت ہوگئے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں طالبان کے دہشت گردوں کی موجودگی کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## قوموں کی ترقی کا دارومدار علم پر ہے، اے پی ایم ایس او سیکٹر ''ای'' کے یونٹوں کی تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔21، جولائی2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن نے کہا ہے کہ جو قومیں زیور علم سے آراستہ ہوتی ہیں ان کا شمار دنیا کی ترقی یافتہ قوموں میں ہوتا ہے لہٰذا اے پی ایم ایس او کے کارکنان

علم کے حصول پر بھرپور توجہ دیں۔ یہ بات اے پی ایم ایس او کے سیکریٹری جنرل نعمان علی، جوائنٹ سیکریٹری عمران معین اور سیکریٹری نشر و اشاعت منہاج الابراہیم نے اے پی ایم ایس او سیکٹر ''ای'' کے یونٹوں کی تنظیم نو کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں انہوں نے گورنمنٹ ڈی جے سائنس کالج، گورنمنٹ ایس ایم آرٹس مارننگ اینڈ ایوننگ کالج، ایس ایم لاء کالج، سندھ میڈیکل کالج اور ڈاؤ میڈیکل یونٹ کے نئے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کی۔ قبل ازیں اجلاس سے اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ علم ایک بڑی دولت ہے اور قوموں کی ترقی کا دارومدار علم پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو قومیں علم کی دولت سے محروم ہوتی ہیں وہ نہ صرف دوسروں کے دست نگر رہتی بلکہ علم و ہنر سے محرومی کے باعث صفحۂ ہستی سے بھی مٹ جاتی ہیں۔ انہوں نے نومنتخب ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق حق پرستی کے پیغام کو عام کریں، انفرادیت کے بجائے اجتماعی مفادات کے حصول پر توجہ مرکوز رکھیں، اساتذہ کرام، والدین اور بزرگوں کا احترام کریں اور خود کو نظریاتی طور پر مضبوط بنانے کیلئے تنظیمی لیٹریچر کا مطالبہ کریں۔

## کے ای ایس سی کو فی الفور قومی تحویل میں لیکر کراچی سٹی گورنمنٹ کے حوالے کیا جائے
## بجلی کے مسلسل بحران پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پیغامات

کراچی۔۔۔21، جولائی 2009ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بجلی کے بحران پر قابو پانے کے لئے KESC کو فی الفور قومی تحویل میں لیکر کراچی سٹی گورنمنٹ کے حوالے کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ دنوں ہونے والی مون سون کی بارشوں اور اس سے قبل شہر کراچی میں رہنے والے بجلی کے شدید بحران کے حل کیلئے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو اور ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں اپنے فیکس، ٹیلی فون اور ای میل پیغامات میں کیا۔ پیغامات بھیجنے والوں میں صنعتکار، تاجر، کاروباری شخصیات، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، صحافی، پروفیسرز، اساتذہ کرام، سیاسی وسماجی تنظیمیں اور دیگر مکاتب فکر کے لوگوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی اور مجرمانہ غفلت کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے اور وہ حق پرست قیادت کی جانب امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حق پرست قیادت شہر کراچی کی تعمیر و ترقی اور شہریوں کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے مخلص ہے اور شہر میں حالیہ طوفانی بارشوں کے بعد نکاسی آب اور بجلی کی فراہمی کیلئے حق پرست قیادت کی کارکردگی قابل تعریف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ دنوں کراچی میں ہونے والی ریکارڈ بارشوں پر شہری حکومت کے نظام کو تنقید کا نشانہ بنانے والے صرف بیان بازی کررہے ہیں تاہم وہ حقائق کو عوام سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی کارکردگی انتہائی ناقص ہوچکی ہے، شہریوں کی جانب سے بار بار درخواستیں دینے کے باوجود بھی شکایات کے ازالہ کیلئے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا جاتا رہا ہے جس سے شہری عوام احتجاج پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت، کے ای ایس سی کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے کردار ادا کرسکتی ہے لہٰذا اس ادارے کو قومی تحویل میں لیکر سٹی گورنمنٹ کے ماتحت کیا جائے۔

## ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی رکن محترمہ شاہین مجید اور ایم کیو ایم برطانیہ ساؤتھ ہال یونٹ کے انچارج محبوب الٰہی کی والدہ محترمہ خیر النساء کے انتقال پر الطاف حسین اور ایم کیو ایم برطانیہ کا اظہار

لندن۔۔۔21، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی رکن محترمہ شاہین مجید اور ایم کیو ایم برطانیہ ساؤتھ ہال یونٹ کے انچارج محبوب الٰہی کی والدہ محترمہ خیر النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محترمہ شاہین مجید اور محبوب الٰہی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ خیر النساء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

دریں اثناء ایم کیو ایم برطانیہ کے آرگنائزر اور اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے بھی محترمہ شاہین مجید اور محبوب الٰہی سے انکی والدہ محترمہ خیر النساء کے انتقال پر دلی تعزیت اور گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مرحومہ کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔21، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نواب شاہ زون یونٹ 3B کے کارکن راشد قریشی کی والدہ محترمہ بلقیس، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 144 کے کارکن عامر واحد کی والدہ محترمہ نرگس واحد، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن رضوان نصر صدیقی کے بھائی فصیح احمد صدیقی، ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن افضال احمد انصاری کے والد اقبال احمد انصاری اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن محمد احمد کی والدہ محترمہ خیر النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں ربطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایملیبر ڈویژن کے ہمدرد ولسن مسیح کی پانچ سالہ بیٹی کوارٹر کی چھت گرنے کے باعث جاں بحق جبکہ دس سالہ بیٹی سفیعہ ولسن اس حادثے میں شدید زخمی ہوگئیں، لیبر ڈویژن کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔21، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن، پاکستان ریلوے یونٹ کے ہمدرد ولسن مسیح کی پانچ سالہ بیٹی نہا ولسن گزشتہ دنوں ہونے والی طوفانی بارش کے باعث ریلوے کالونی کے کوارٹر کی چھت گرنے کے باعث جاں بحق جبکہ دوسری دس سالہ بیٹی سفیعہ ولسن حادثے میں زخمی ہوگئیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے حادثے میں نہا ولسن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ لیبر ڈویژن نے پاکستان ریلوے کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ولسن مسیح کو فی الفور مالی معاونت دی جائے۔

☆☆☆☆☆